نیشنل بینک آف پاکستان

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان (دی "بینک") کا غیر معمولی اجلاس عام ("EOGM") بذریعہ "الیکٹرانک ذرائع" مورخہ **27 جولائی 2020** کو **10:00 بجے** صبح پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہوگا۔

اجلاس میں درج ذیل کاروباری امور انجام دیئے جائیں گے:

عمومی کارروائی:

1۔ کراچی میں مورخہ 12 مئی 2020 کو ہونے والے شیئر ہولڈرز کے 71 ویں سالانہ اجلاس عام میں طے پانے والے امور کی توثیق۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مقررہ کردہ اسامی کی رو سے ڈائریکٹر کے عہدے پر اپنی مدت پوری کرنے والے جناب فرید ملک صاحب کی جگہ پر ایجوٹ شیئر ہولڈرز میں سے ایک (01) ڈائریکٹر کا عرصہ تین سال کے لیے انتخاب۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر دوبارہ انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

خصوصی کارروائی:

3 NBP Bye-laws کے تحت ڈائریکٹرز کے لئے اٹیچمنٹی پرویژن پر غور اور منظوری

4 بورڈ اور کمیٹیوں کی میٹنگ میں شرکت کے لئے NBP کے نان ایگزیکٹو/انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز/چیئرمین بورڈ کے معاوضہ پالیسی پر غور اور منظوری۔ (ریمونیریشن کا اسکیل Scale of Remuneration جو کہ 31 مارچ 2010 کو منعقدہ، 61 ویں اے جی ایم، 15 مئی 2017 کو EOGM اور 12 مئی 2020 کو منعقدہ 71 سالانہ اجلاس میں پہلے سے منظور ہو چکے ہیں۔)

5 چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر معاملے پر کارروائی

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز
Sd/-
سید محمد علی ضامن
سیکریٹری (بورڈ)

کراچی
مورخہ: 06 جولائی 2020

نوٹ:

بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 20 جولائی 2020 سے 27 جولائی 2020 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم بینک کے رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک "B"، SMCHS، مین شارع فیصل، کراچی۔ 74400 کو مورخہ 18 جولائی 2020 تک کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت کے استحقاق کے سلسلے میں بروقت تصور کیا جائے گا۔

1۔ غیر معمولی اجلاس میں الیکٹرانک ذرائع سے شرکت:

Covid-19 کی عالمی وبا کی صورتحال کے پیش نظر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے جاری کردہ سرکلر نمبر 5 آف 2020 مورخہ 17 مارچ 2020 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (PSX) کے سرکلر نمبر PSX/N-372 مورخہ 19 مارچ 2020 میں دی گئی متعلقہ ہدایات اور رہنما اصولوں کے مطابق ممبرز کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ EOGM میں نیشنل بینک آف پاکستان کی طرف سے فراہم کردہ الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شریک ہوں۔ EOGM میں بذریعہ الیکٹرانک سہولت شرکت کے لیے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ 26 جولائی 2020، 5:00pm تک سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس بذریعہ cdcrta@cdcpak.com اپنے آپ کو رجسٹر کروائیں۔

وہ ممبران جن کے نام مورخہ 18 جولائی 2020 کاروباری اوقات ختم ہونے تک بینک کی بکس میں ہوں گے وہ EOGM میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ ان سے التماس ہے کہ وہ مندرجہ ذیل فارمیٹ پر انفارمیشن مہیا کریں۔

نمبر شمار	فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر	شیئر ہولڈر کا نام	CNIC نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس
1					
2					

الیکٹرانک سہولت کی تفصیلات ممبران کی طرف سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کر دی جائیں گی۔ مورخہ 27 جولائی 2020 لاگ ان سہولت صبح 09:00 بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت 10:00 بجے صبح (شارپ) سے پہلے پہچان اور تصدیق کے عمل سے گزر کر اجلاس میں شریک ہو سکیں۔

ممبران اجلاس کے تجویز کردہ ایجنڈا کے بارے میں اپنے تبصرے، تجاویز اور منظوری واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 اور ای میل cdcrta@cdcpak.com پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔ جو شیئر ہولڈرز اپنے پراکسیز مقرر کرنا چاہتے ہیں ان کو درج ذیل رہنما اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔

پراکسیز کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا:

1) تمام ممبران جو کہ غیر معمولی اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔ کسی بھی دوسرے ممبر کو تحریری طور پر پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ ایک قانونی ادارہ رکن ہونے کے ناطے کسی بھی فرد کی حیثیت سے قطع نظر، خواہ وہ ممبر ہو یا نہیں، پراکسی کے طور پر تقرری کر سکتا ہے۔

2) پراکسی انسٹرومنٹ ہر لحاظ سے مکمل ہونا ضروری ہے اور موثر ہونے کے لئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل رجسٹرار یا ای میل cdcrta@cdcpak.com پر جمع کروانا ہوگا۔

3) الیکٹرانک ذرائع (ZOOM) کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لئے پراکسی ہولڈرز کے ای میل ایڈرس اور موبائل نمبر کے ساتھ پراکسی فارم بھی جمع کیا جائے گا۔

4) اگر کوئی ممبر کسی ایک میٹنگ کے لئے ایک سے زیادہ ممبرز کو پراکسی مقرر کرتا ہے یا کسی پراکسی کے ایک سے زیادہ انسٹرومنٹس رجسٹرار کے پاس جمع کروائے جاتے ہیں تو پراکسی کے ایسے تمام انسٹرومنٹس کو غلط قرار دیا جائے گا۔

شیئر ہولڈرز کو پراکسی تقرری کے لئے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

i) افرادی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ ذیل تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں:

الف) پراکسی فارم کی گواہی دو افراد کریں گے جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبروں کا فارم پر ذکر کیا جائے گا۔

ب) قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی یا بنی فیشل مالکان اور پراکسی کی پاسپورٹ پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

ii) کسی قانونی ادارے کی صورت میں اصلی یا قانونی طور پر توثیق شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا نامزد شخص کے دستخطوں کے نمونے کے ساتھ پاور آف اٹارنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا (جب تک کہ یہ پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہو)

(پراکسی فارم این بی پی کی ویب سائٹ www.nbp.com.pk پر دستیاب ہے)

Daily Jang - 6.7.2020

- ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی کو فوری طور پر بینک کے رجسٹرار/ٹرانسفر ایجنٹ میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

2۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی اہلیت کا معیار

i) ایسا ممبر جو ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو اس کے پاس بینک کے کم از کم دس ہزار ایسے شیئرز (ہر شیئر کی قدر دس روپے) ہونا چاہئیں جو کسی بھی قسم کے بار سے آزاد ہوں۔ اجلاس منعقد ہونے کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے وہ بینک کو اپنے ارادے سے آگاہ کرے گا اور فارم نمبر 28 جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے تحت ہو اور اس فارم پر اس کے دستخط ہوں جمع کروائے گا۔ انتخاب میں حصہ لینے والا فرد ایک اقرار نامہ جمع کروائے گا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن، 2019، پی ایس ایکس ریگولیشن، NBP آرڈیننس، 1949 اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پروڈینشل ریگولیشن G-1 (جس کا نمونہ NBP کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے) کے تحت ڈائریکٹر کے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے اور وہ ایک اقرار نامہ جمع کروائے گا کہ وہ ایک رجسٹرڈ ٹیکس دہندہ ہے۔ امیدوار کا تفصیلی پروفائل بھی فراہم کرنا ہوگا۔

ii) اسٹیٹ بینک آف پاکستان ("SBP") کے سرکلرز، سرکلر لیٹرز، نوٹیفکیشنز، ڈائریکشنز، ہدایات اور دیگر احکامات جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان وقتاً فوقتاً جاری کرتا ہے ("SBP Directivs":) کے تحت یہ انتہائی ضروری ہے کہ وہ فرد جو ڈائریکٹر کے انتخاب کا خواہشمند ہو وہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے بینک کے پاس SBP کی تصریحات کے مطابق ایک حلف نامہ جمع کروائے گا کہ (i) وہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کے ساتھ منسلک نہیں ہے جو خصوصاً بینکنگ کے کاروبار سے تعلق رکھتی ہو۔ (ii) اپنی انفرادی حیثیت میں یا نجی کاروبار میں یا شراکت دار فرم میں یا کسی پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی میں یا کسی ان لسٹڈ کمپنی میں یا کسی لسٹڈ کمپنی میں (جس کا وہ پروپرائیٹر، پارٹنر، ڈائریکٹر یا شیئر ہولڈر ہو) کسی مالیاتی ادارے کو ادائیگی کا نادہندہ نہیں ہے اور/ یا کسی بھی ٹیکس کا نادہندہ نہیں ہے۔ مزید یہ کہ وہ کسی بھی بینک/ DFI کا ڈائریکٹر یا چیئرمین، سی ای او، سی ایف او، چیف انٹرنل آڈیٹر، ریسرچ اینالسٹ یا کسی بھی (a) منی چینجر، (b) ممبر آف اسٹاک ایکسچینج، (c) کارپوریٹ بروکریج ہاؤسز اور (d) کسی ایسی کمپنی کا جو (a) تا (c) میں کام کرنے والے افراد کے کنٹرول میں ہو کا ٹریڈر (کسی بھی نام یا عہدے کے تحت) نہیں ہوں۔

iii) نیشنل بینک آف پاکستان آرڈیننس 1949 کے سیکشن 17 کے تحت امیدوار کو سب سیکشن (1) کے تحت انتخاب کا اہل ہونا چاہئے اور سب سیکشن (2) کے تحت انتخاب کے لیے نااہل نہیں ہونا چاہئے۔ (NBP آرڈیننس، NBP کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

iv) امیدوار کو اس بات کا تصدیق نامہ بھی جمع کروانا ہوگا کہ وہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان پروڈینشل ریگولیشن G-1 کے تحت ان تمام شرائط کو پورا کرتا ہے جو ڈائریکٹرز کے لیے ("Fit and Proper Test") کے طور پر بتائی گئی ہیں یہ تصدیق نامہ Annexure-i & ii کے طور پر لگانا ہوگا۔ امیدوار کو تمام دستاویزات، کاغذات اور تصدیق نامے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے BPRD سرکلر نمبر 9/2018 مورخہ 18 اکتوبر 2018 کے مطابق جمع کروانا ہوں گے اور اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ BPRD سرکلر نمبر 15/2016 مورخہ 28 دسمبر، 2016 میں آزاد ڈائریکٹر کے لیے دی گئی تفصیلی ہدایات پر عمل کیا گیا ہے۔

v) چانچ پڑتال کے بعد تمام کاغذات نامزدگی فوری طور پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی کلیئرنس کے لیے جمع کروا دیے جائیں گے۔

vi) ایسا فرد جس کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینک کے ڈائریکٹر کے طور پر کلیئر نہ کیا ہو اس کو اس بات کی کسی طور پر اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لے۔

vii) اس غیر معمولی اجلاس میں شرکت کرنے دینے کا اہل ممبر یہ استحقاق رکھتا ہے کہ وہ اپنا کوئی پراکسی کر سکے جو اس کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ دے سکے۔ حکومت پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور کوئی بھی کارپوریشن جو بینک کا ممبر ہو کسی بھی شخص کو اس غیر معمولی اجلاس میں شرکت کے لیے اپنا نمائندہ مقرر کر سکتے ہیں جس کے لیے وہ نامزد فرد کو پاور آف اٹارنی دے سکتے ہیں یا اس کے بارے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد منظور کروا سکتے ہیں۔ البتہ، اکثریتی شیئر ہولڈرز جیسا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور دیگر حکومتی شیئر ہولڈرز کو یہ استحقاق حاصل نہیں کہ وہ پرائیویٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں ووٹ دیں۔ پراکسیز یا نمائندگیوں کے درست اور موثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ بینک کے رجسٹرار آفس/شیئر ٹرانسفر ایجنٹ، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک "B"، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شارع فیصل کراچی۔ 7400 پر میٹنگ کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔

3۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریقہ کار

اگر ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے ایک سے زائد امیدوار ہوں جو کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت مقرر کیا ہے، ایسی صورت میں بینک اپنے ممبران کو ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے درج ذیل آپشنز فراہم کرے گا۔

ای۔ ووٹنگ کا طریقہ

a) بینک کا شیئر رجسٹرار، کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018 کے تحت ممبران کو مکمل معلومات فراہم کرے گا جس میں شامل ہوں گی درج ذیل معلومات لیکن وہ معلومات صرف اپنی معلومات تک محدود نہیں ہوں گی ویب ایڈریس، لاگ ان ڈیٹیل، پاس ورڈ، ای ووٹ کاسٹ کرنے کی تاریخ اور دیگر ضروری معلومات۔ یہ تفصیلات ای میل کے ذریعے بھیجی جائیں گی اور سیکیورٹی کوڈ ان کے رجسٹرڈ موبائل نمبر پر SMS کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

b) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کے خواہشمند ممبران کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک سگنیچر یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے ہوگی۔

c) ای ووٹنگ کے ذریعہ اپنا ووٹ کاسٹ کرنے میں دلچسپی رکھنے والے افراد، اس کے/قومی شناختی کارڈ، موبائل نمبر اور ای میل پتے کی دستیابی اور کمپنی کے ریکارڈ میں کارپوریٹ شناخت این ٹی این کی صورت میں لازمی ہے۔

d) تمام سی ڈی ایس اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے شراکت داروں اور حصص یافتگان کے ساتھ اپنے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کریں۔

e) حصص یافتگان کے لیے ڈائریکٹرز کے الیکشن کے لئے ووٹنگ لائنیں 22 جولائی 2020 سے صبح 09:00 بجے سے 26 جولائی 2020 شام 5:00 بجے تک کھولی جائیں گی۔

پوسٹل بیلٹ:

شیئر ہولڈرز اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ بیلٹ پیپر کے تمام مطلوبہ اندراجات مکمل ہیں اور اس پر دستخط موجود ہیں اور یہ کہ CNIC کی کاپی اس کے ساتھ موجود ہے۔ کارپوریٹ ممبر کی صورت میں قابل قبول شناختی دستاویزات جیسے کہ اصلی یا قانونی طور پر توثیق شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی وغیرہ کے ساتھ مجاز دستخطوں کے ساتھ قومی شناختی کارڈ کی درست کاپیاں بھی چیئرمین نیشنل بینک آف پاکستان، ہیڈ آفس بلڈنگ، دوسری منزل، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی (پاکستان) یا ای میل eogm@nbp.com.pk کے ذریعے، انتخابات کے دن سے پہلے یعنی 26 جولائی 2020 شام 5:00 بجے تک پہنچ جانی چاہئیں۔

پولنگ:

شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لئے ٹی ایف پی سی بلڈنگ (این بی پی ماڈل برانچ) کہکشاں، کلفٹن بلاک 8، کراچی میں ایک پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا، شیئر ہولڈر EOGM کے دن مذکورہ پولنگ بوتھ کا دورہ کر کے حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں، 27 جولائی 2020 صبح 10:15 منٹ سے صبح 10:45 بجے تک ذاتی طور پر ووٹنگ کے لئے بغیر کسی اجتماع کے ایک ایک کر کے آتے اور اپنا ووٹ کاسٹ کرتے جائیں۔

(ای او جی ایم میں خصوصی امور پر غور کرنے کے لئے مٹیریل فیکٹس ای او جی ایم کے نوٹس کے ساتھ بھیجے جا رہے ہیں)